## اسکاؤٹنگ معاشرے میں مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی بہترین مثال ہے۔طارق جاوید

## ایم کیوایم اسکاؤٹنگ کے فروغ کیلئے ہرممکن تعاون کرے گی۔سفری کرایوں میں اسکاؤٹس کو خصوصی رعایت دی جائے

## ورلڈ اسکاؤٹ جمہوری میں شرکت کیلئے لندن آنے والے سندھ بوائے اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے وفد سے بات چیت

## اسکاؤٹس وفد نے جناب الطاف حسین کیلئے ورلڈ اسکاؤٹ جمہوری کے بیج پیش کئے اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو اسکاؤٹس بیج لگائے

لندن۔۔۔12 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے کہا ہے کہ اسکاؤٹنگ معاشرے میں مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی بہترین مثال ہے اور متحدہ قومی موومنٹ اسکاؤٹنگ کے فروغ کیلئے ہرممکن تعاون کرے گی۔انہوں نے یہ بات 21 ویں ورلڈ اسکاؤٹ جمہوری میں شرکت کیلئے لندن آنے والے سندھ بوائے اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی جس نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کا دورہ کیا۔وفد کی سربراہی سندھ بوائے اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے صوبائی سیکریٹری لیفٹننٹ کرنل ریٹائرڈ محمد شاہ علی کررہے تھے۔طارق جاوید نے اسکاؤٹس وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسکاؤٹنگ نوجوانوں میں مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کا رجحان پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔اسکاؤٹس نہ صرف مختلف اہم قومی دنوں اور مذہبی تہواروں کے موقع پر خدمات انجام دیتے ہیں بلکہ بڑے سانحات اور حادثات کے موقع پر بھی متاثرین کی مدد کرتے ہیں۔طارق جاوید نے 8 اکتوبر 2005ء کو آزادکشمیر، صوبہ سرحد اور اسلام آباد میں آنے والے قیامت خیز زلزلہ کے موقع پر سندھ کے اسکاؤٹس کی امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے پر اسکاؤٹس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔طارق جاوید نے سندھ بوائے اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے وفد کو یقین دلایا کہ ملک خصوصاً سندھ میں اسکاؤٹنگ کے فروغ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ اور منتخب حق پرست قیادت بھرپور تعاون کرے گی۔انہوں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ سفری کرایوں میں اسکاؤٹس کو خصوصی رعایت دی جائے اور اسکاؤٹنگ کو فروغ دیا جائے۔اسکاؤٹس کے وفد نے ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور وہاں مختلف کاموں کے طریقہ کار میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔اسکاؤٹس وفد نے جناب الطاف حسین کیلئے ورلڈ اسکاؤٹ جمہوری کے بیج بھی پیش کئے اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو بھی اسکاؤٹس بیج لگائے۔وفد میں پاکستان کرسچیئن اسکاؤٹس گروپ کے چیف پیٹرن بشپ آئی زیک ولیم، کراچی بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے ڈسٹرکٹ سیکریٹری محمد تقی، کراچی اوپن ڈسٹرکٹ کے اے ڈی سی فرقان احمد یوسفی، کراچی اوپن ڈسٹرکٹ کے اے ڈی سی محمد طاہر شیخ، سندھ بوائے اسکاؤٹ ایسوسی ایشن کے پیٹرن ممبر زبیر لودھی، صدارتی گولڈ میڈیلسٹ اسکاؤٹ رضوان جعفر، پاکستان کرسچیئن اسکاؤٹ گروپ کے جی ایس ایل رابرٹ یعقوب اور کراچی سٹی اسکاؤٹ کے اے ڈی سی سید ظفر حسین رضوی شامل تھے۔ ملاقات کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، جاوید کاظمی، آصف صدیقی اور مصطفیٰ عزیزآبادی بھی موجود تھے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 60 واں جشن آزادی روایتی جوش وجذبے سے منایا جائیگا

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو، خورشید بیگم میموریل ہال اور ایم پی اے ہاسٹل اور قریبی عمارتوں کو جھنڈیوں اور برقی قمقموں سے سجادیا گیا، 14 اگست کو نائن زیرو پر پرچم کشائی کی جائیگی

کراچی۔۔۔12، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت پاکستان کا 60 واں جشن آزادی روایتی جوش وجذبے سے منایا جائے گا۔جشن آزادی کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی کے اراکین اور منتخب حق پرست نمائندے منگل 14 ر اگست صبح 7 بجکر 55 منٹ پر ایم کیوایم کے مرکز اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر قومی ترانے کی گونج میں پرچم کشائی کریںگے۔ جشن آزادی کے سلسلے میں نائن زیرو، خورشید بیگم میموریل ہال، ایم پی اے ہاسٹل جناح گراؤنڈ اور نائن زیرو سے متصل عمارتوں اور اطراف کی گلیوں کو رنگ برنگی جھنڈیوں، برقی قمقموں اور دیدہ زیب جھالروں کی مدد سے انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا ہے۔جس سے پورا علاقہ بقعۂ نور بنا ہوا ہے جبکہ عوام کی بڑی تعداد نائن زیرو پر ہونیوالی سجاوٹ دیکھنے کیلئے مختلف ٹولیوں کی صورت میں نائن زیرو آرہے ہیں۔

## کورنگی میں چھت گرنے سے جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم کے یونٹ انچارج کی بہن اور گھر والوں کو سپرد خاک کر دیا گیا

کراچی۔۔۔12، اگست 2007ء

جمعے اور ہفتے کی درمیانی شب طوفانی بارش سے کورنگی کے علاقے عبداللہ نورانی بستی میں مکان کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم روہڑی سیکٹر یوسی 23 کندرہ یونٹ کے انچارج خدابخش کی ہمشیرہ 42 سالہ رفیقن، 50 سالہ بہنوئی یاسین، بھانجے، 18 سالہ عرفان، 11 سالہ شہزاد، 8 سالہ شہباز، 5 سالہ ارسلان اور 18 سالہ بھانجی مہوش کو اتوار کو کورنگی کے مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحومین کی اجتماعی نماز جنازہ ادا کی گئی جس میں مرحومین کے عزیز واقارب کے علاوہ ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی اخلاق حسین عابدی، ارکان سندھ اسمبلی محمد معین عامر، طالب امام، سندھ اسمبلی اختر بلگرامی، ٹاؤن ناظم کورنگی عارف خان ایڈووکیٹ، نائب ٹاؤن ناظم، حق پرست یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، کورنگی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحومین کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ مرحومین کا سوئم بروز پیر کو مرحومین کے گھر پر منعقد ہوگا۔

## ڈاکٹر فاروق ستار، صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور رکن سندھ اسمبلی عامر معین اور ٹاؤن ناظم کورنگی اور دیوار گرنے باعث زخمی ہونے والی بچی کی عیادت کی، کورنگی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا عوامی مسائل سنے اور انہیں حل کرنے کی ہدایت کی

کراچی۔۔۔12، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینیز ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، رکن سندھ اسمبلی عامر معین اور کورنگی ٹاؤن کے ناظم عارف خان ایڈووکیٹ نے دوسرے روز بھی کورنگی کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور بارش سے متاثرہ لوگوں سے ملاقات کی۔ بارش کے باعث مخدوش مکان کی دیوار گرنے کے باعث زخمی ہونے ولی بچی کی عیادت کی، مخدوش مکان کا معائنہ کیا اور بارش سے تباہ ہونے والے علاقوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متاثرہ عوام نے بارش سے ہونے والی تباہی اور نقصانات کے بارے میں ڈاکٹر فاروق ستار کو تفصیلی آگاہ کیا، جبکہ علاقے میں بجلی کی معطّلی، پانی کی عدم فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل سے مکینوں کی پریشانیوں کے بارے میں بتایا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے تباہی پر افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بارش سے بڑے پیمانے پر ہونی والی تباہی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو شدید تشویش ہے اور آج ہم لوگ آپ کے دکھ درد بانٹنے کیلئے انہی کی ہدایت پر آپ کے پاس آئے ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن مدد وتعاون کا یقین دلایا۔ ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد، رکن سندھ اسمبلی عامر معین اور ٹاؤن ناظم کورنگی عارف خان ایڈووکیٹ نے کورنگی کی مختلف گلیوں اور سڑکوں کا دورہ کیا۔ علاقے کے لوگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت اور اس کے رہنما عوامی مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے صرف بیان بازی تک محدود نہیں رہتے بلکہ عملی طور پر عوام کے درمیان آکر مسائل حل کرتے ہیں جس پر ایم کیوایم اور حق پرست سٹی گورنمنٹ کی قیادت زبردست خراج تحسین کی مستحق ہے۔

## سیاست برائے خدمت ہی متحدہ قومی موومنٹ کا بنیادی منشور ہے، انور عالم، عبدالحسیب

کراچی۔۔۔12، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن کے علاقے تھرانی گوٹھ میں طوفانی بارشوں سے متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں بھاری مالیت کی غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر تھرانی گوٹھ سے تعلق رکھنے والے متاثرہ افراد بڑی تعداد میں موجود تھے۔ بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم اور جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرہ خاندانوں میں غذائی اجناس اور دیگر روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء تقسیم کیں۔ متاثرین کو فراہم کی جانے والی امدادی اشیاء میں آٹا، چاول، دالیں، گھی، تیل، مصالحہ جات، خشک دودھ اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء پر مبنی پیکٹ شامل ہیں جو کہ ایک خاندان کیلئے ایک ہفتہ تک کیلئے کافی ہیں۔ اس موقع پر متاثرین سے بات چیت کرتے ہوئے انور عالم اور عبدالحسیب نے کہا کہ سیاست برائے خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا بنیادی منشور ہے اور ایم کیوایم اپنے منشور پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مصیبت زدہ عوام کی عملی خدمت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں ہونے والی طوفانی بارشوں نے ماضی کے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں اور ایم کیوایم کے نمائندے طوفانی بارشوں سے پیدا ہونے والے عوامی مسائل کے حل کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔

## رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی یونٹ A-135 کے رکن الیاس کوغیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا

کراچی۔۔۔12،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اورغیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ A-135 کی یونٹ کمیٹی کے رکن الیاس ولدتاج محمد کوغیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اورکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ الیاس ولدتاج محمد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## حق پرست نمائندوں کا دامن قومی خزانے کی لوٹ مار سے پاک ہے،ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔12،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ حق پرست نمائندوں کا دامن قومی خزانے کی لوٹ مار سے پاک ہےاورقومی دولت لوٹنے والے عناصرایم کیوایم کے فکروفلسفہ سے شدید خوف کا شکار ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نیب کی جانب سے سپریم کورٹ میں چینی کے بحران کے حوالے سے پیش کی جانے والی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اس بحران میں مسلم لیگ کے سربراہ اورسابق وزیراعظم نوازشریف،وفاقی وزراء ہمایوں اختر،جہانگیر ترین،پیپلزپارٹی کے رہنماء آصف علی زرداری اور مسلم لیگ ق کے سربراہ اورسابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین ملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شروع دن سے ہی قومی خزانے کی لوٹ مار، پلاٹ پرمٹ کی سیاست اورکروڑوں روپے قرضے لیکر معاف کرانے والوں کی مخالفت کرتی رہی ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے غریب عوام کی ہمدردی میں بلندوبانگ دعوے کرنے والے نام نہاد سیاسی ومذہبی رہنماء ایم کیوایم کے خلاف جھوٹے اور بے بنیادالزامات عائد کرتے رہے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ آج ایک مرتبہ پھر ملک بھر کے عوام یہ حقیقت جان چکے ہیں کہ قومی خزانے کی لوٹ مار اورعوام کومصائب ومشکلات سے دوچار کرنے والے عناصر کون ہیں اورغریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت متحدہ قومی موومنٹ کی مخالفت کیوں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست نمائندوں کا دامن قومی خزانے کی لوٹ مار سے پاک ہےاورایم کیوایم لوٹ مار کی سیاست کرنے والوں کی شدید مخالف ہے یہی وجہ ہے کہ قومی دولت لوٹنے والے عناصرایم کیوایم کے فکروفلسفہ سے شدید خوف کا شکار ہیں اورعوام کوگمراہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈے کررہے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے،انشاءاللہ بہت جلد ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام،فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظوں کواپنے اتحاد کی طاقت سے مسترد کردیں گےاورقومی دولت کی لوٹ کرنے والوں سے ایک ایک پائی کا حساب لیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆